29/05/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ملاقاتLG

نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ Mrs Maya Tissafi بھارت میں سویزر لینڈ کی سفیر گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں جمونو کشمیر کی ترقیاتی منظر نامے کے حوالے سے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مُشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

...........LG...........

دھرمیندر پردھان

ہیڈ کواٹر میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی CBSEمرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پر دھان نے صدارت کی۔ میٹنگ میں انہوننے 12ویں جماعت کے امتحانات کے طریقہ

کار اور نتائج کا جائزہ لیا۔ ۂ

میٹنگ میں طلباءکو بروقت، شفاف اور طلباءکو بہتر سہولیات فراہم کرنے نیز نتائج کے بعد معاونت کے نظام کو مضبوط بنانے اور امتحانی عمل کو مزید موثر بنانے پر زور دیا گیا ۔

وزیر تعلیم نے کہا کہ طلباءکے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کالی دھر نوشہرہ میں زیر تعمیر سنگل ٹنل منصوبے کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار و معیار کا جائزہ لیا۔

انہوننے منصوبے میں تاخیر اور تعمیراتی معیارپر سخت ناراضگی کا اظہار کر تے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو معیاری اصولوں اور حفاظت ضوابط پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دی۔

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ منصوبے کی بر وقت تکمیل عوام کی سہولت اور راجوری پونچھ جموں اور نوشہرہ کے درمیان بہتر رابطے کےلئے نہایت اہم ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے دورے کے دوران علاقے میں دیگر کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیا۔

ہائی وے

ایکسپریس وے کو قومی شاہراؤں کے نیٹ NE5 مرکزی حکومت نے دہلی سے کٹرہ تک مجوزہ ورک میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن جا ری کر دیا ہے۔ یہ تیز رفتار راہداری، دہلی ،ہریانہ، پنجاب اور جمونو کشمیر کے درمیان رابطے کو بہتر بنائے گی۔

شاہراؤں اور سڑک رابطوں کی وزارت کے مطابق یہ ایکسپریس وے دہلی کے رانی کھیڑا سے شروع ہو کر ہریانہ اور پنجاب کے مختلف علاقوں سے گذرتے ہوئے کٹرہ کے قریب قومی شاہراہ 144سے ملے گا۔ منصوبے سے سفر میں آسانی تجارتی سرگرمیوں اور علاقائی ترقی کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

داخلہ

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سرکاری ڈگری کالجوں میں یو جی داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرنے اور کالج ترجیحات اپڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ محکمہ اعلیٰ تعلیم کے مطابق امیدوار اب تیس مئی شام پانچ بجے تک داخلہ پورٹل jkadmissions.in پر اپنی درخواستیں جمع یا اپڈیٹ کر سکتے ہیں۔

اس حوالے سے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

........Aijaz Bashir........

فیسٹول

سرینگر میں کل یعنی30 مئی سے دو روزہ کشمیر لیٹریچر فیسٹول کا تیسرا ایڈیشن منعقد SKICC نے کہا کہ اس کثیر مرحلہ Naira Manzoor ہو گا۔کشمیر لیٹریچر فیسٹول کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایونٹ کی خصوصیات میں ادبی ماہرین کے درمیان مباحثے، کتابوں کا اجرائ، موسیقی کا مقابلہ اور فن پاروں کی نمائش شامل ہیں۔

بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔ بنک کی طرف سے اس سال ایک بڑی Drive Recruitment شروع کی جا رہی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....

....

....